نسلی مساوات کے فروغ سے متعلق موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات

محکمۂ غذا و ماحولیاتی حفظان صحت

محکمۂ غذا و ماحولیاتی حفظان صحت (ایف ای ایچ ڈی) یہ یقینی بنانے کے تئیں پابند عہد ہے کہ ہانگ کانگ میں بیچی جانے والی غذا محفوظ اور استعمال کے لئے موزوں ہے، اور یہ کہ وہ ہانگ کانگ کے لوگوں کے لئے ایک صاف اور حفظان صحت کے معیاروں پر پوری اترنے والی زندگی برقرار رکھتی ہے۔ ایف ای ایچ ڈی یہ یقینی بنانے کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے کہ سبھی عوام کو، ان کے نسلی پس منظر سے قطع نظر، ہماری خدمات تک مساوی رسائی حاصل ہو۔

متعلقہ خدمات	• ایف ای ایچ ڈی متعدد طرح کی خدمات فراہم کرتا ہے، جیسے کہ غذائی تحفظ پر قابو؛ زندہ غذائی جانوروں کی درآمد پر قابو؛ غذائی حادثات کا نظم؛ ماحولیاتی حفظان صحت کی خدمات اور سہولیات؛ پرندوں سے متعلق فلو، ڈینگو بخار اور جاپانی دماغی بخار سے لڑائی؛ اور غذائی تحفظ اور ماحولیاتی حفظان صحت سے متعلق عوامی تعلیم کا فروغ۔
موجودہ اقدامات	• ایف ای ایچ ڈی کی خدمات سے متعلق معلومات ایف ای ایچ ڈی کی ویب سائٹوں اور مرکز برائے غذائی تحفظ (سی ایف ایس) پر ہانگ کانگ کی دو سرکاری زبانوں (یعنی چینی اور انگریزی) میں دستیاب ہیں۔ مزید، معلوماتی اور تعلیمی رسالے / کتابچے عوام الناس کے بیچ تقسیم کے لئے دونوں سرکاری زبانوں میں شائع کیے جاتے ہیں۔
	• ایف ای ایچ ڈی نے ماحولیاتی حفظان صحت کی خدمات کے ساتھ ساتھ فوڈ سیفٹی کے مشوروں اور رہنما ہدایات کے حوالے سے دیگر زبانوں، بشمول بھاشا انڈونیشیا، ہندی، جاپانی، کوریائی، نیپالی، تگالوگ، تھائی اور اردو میں متعدد کتابچوں / تعلیمی مواد کا ترجمہ کیا ہے۔ یہ کتباچے / تعلیمی مواد ایف ای ایچ ڈی اور سی ایف ایس کی ویب سائٹس اور سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر اپلوڈ کر دیے گئے ہیں تاکہ آسان رسائی اور حوالے کے لیے سہولت مل پائے۔

- خدمت کے صارفین کے لئے جہاں لازمی اور مناسب ہو وہاں نسلی اقلیتی باشندوں کے بھائی چارہ اور بہتری کے مرکز (سی ایچ ای ای آر) کے ذریعہ سے ترجمانی کی خدمات کا نظم کیا جائے گا، یہ مرکز ہانگ کانگ عیسائی خدمت کے ذریعہ چلایا جا رہا ہے اور اسے محکمہ داخلی امور کے ذریعہ مامور کیا گیا ہے۔ چییر ترجمانی کی خدمات آٹھ زبانوں یعنی بھاشا انڈونیشیا، ہندی، نیپالی، ٹیگالوگ، تھائی، اردو، ویتنامی اور پنجابی میں فراہم کرتا ہے۔ ایسے افراد جنہیں گرفتار کیا گیا ہے اور/یا جو زیرتحقیق ہیں، ان کے لئے جہاں ضروری ہو ترجمانی کی خدمات کا نظم کیا جائے گا تاکہ ان کے ذریعہ خلاف ورزی کیے گئے متعلقہ قوانین اور ان کے حقوق سمجھ سکنے کو یقینی بنایا جا سکے۔

مستقبل کے کام کی تشخیص

- ایف ای ایچ ڈی ہماری خدمات کی باضابطہ طور پر تشخیص کرتا اور ان پر نظرثانی کرتا ہے۔ مختلف نسلوں سے تعلق رکھنے والے خدمت کے صارفین کی جانب سے تاثر / مشوروں پر خدمات کی مسلسل بہتری کی خاطر غور کیا جائے گا۔

کیے گئے/آئندہ کیے جانے والے اضافی اقدامات

- عملہ کے لئے تربیتی کورسوں کا نظم کیا جاتا ہے تاکہ نسلی مساوات کے تئیں ان کی بیداری اور حساسیت کو بہتر بنایا جا سکے۔
- ای ایف ایچ ڈی جیسا مناسب ہو خدمت سے متعلق مزید رسالوں / پمفلیٹ کا دیگر زبانوں میں ترجمہ کرنے اور انہیں ایف ای ایچ ڈی اور سی ایف ایس کی ویب سائٹوں پر اپ لوڈ کرنے کا عمل جاری رکھے گا۔

نسلی مساوات سے متعلق موجودہ اور منصوبہ بند اقدامات سے متعلق استفسار کے لئے، برائے مہربانی ایگزیکٹو افسر (عمومی) جناب ڈیسمونڈ کووک 3 سے درج ذیل ذرائع سے رابطہ کریں:

ٹیلیفون	:	2867 5592
فیکس	:	2869 0169
ای میل	:	dtwkwok@fehd.gov.hk
ڈاک پتہ	:	محکمۂ غذا و ماحولیاتی حفظان صحت 44/ایف، کوینس وے گورنمنٹ آفسز 66 کوینس وے ہانگ کانگ

محکمۂ غذا و ماحولیاتی حفظان صحت

مئی 2023